2379 ـ میت کے حاصل کردہ سودی قرضہ کی ادائیگي کی کیفیت

سوال

میرے والد کچھ مدت قبل ہی فوت ہوئے اوروفات سے قبل انہوں نے کچھ اشیاء کوجلد حاصل کرنے کے لیے اچھی خاصی رقم سودی قرضے کی شکل میں حاصل کی اوراپنی وفات سے قبل اس قرضہ کوادا نہ کرسکے ، اورہم ان کی اولاد بھی موجودہ حالات میں اتنے مال کے مالک نہیں کہ اس قرض کوادا کرسکیں ، لھذا ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟ ہماری کوشش ہے کہ اس موضوع کے بارہ میں جلد جواب دیں میں اس بارہ میں بہت پریشان ہوں ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ کوچاہیے کہ اپنے والد کےساتھ حسن سلوک کرتےہوئے اس قرض کوادا کرنے کی کوشش کریں ، اوریہ بھی کوشش کریں کہ صرف اصل مال ہی ادا کیا جائے اورسود ادا کرنے سے بچیں ، اورجن سے قرض حاصل کیا گیا ہے انہیں وعظ ونصیحت کریں کہ وہ صرف اصل مال ہی واپس لیں اورسود ترک ترک کردیں ۔

اوراس میں بھی کوئي حرج نہیں کہ آپ ان کے ساتھ مذاکرات کریں اوراس معاملے پربھاؤ تاؤ کریں کہ انہیں صرف اصل مال ہی ملے نہ تو وہ ظلم کریں اورنہ ہی ان پر ظلم کیا جائے ، اوراس کے ساتھ ساتھ اپنے فوت شدہ والد کےلیے دعائے مغفرت اوررحمت بھی کرتے رہیں ۔

واللہ اعلم .